78 An-Naba

النبإ

The Tidings · Meccan · 40 verses · Para 30

AN-NABA (THE TIDINGS)

1 Of what do they ask one another?
یہ لوگ کس چیز کے بارے میں باہم سوال کر رہے ہیں ؟

2 About the great event,
کیا اس عظیم خبر کے بارے میں؟

3 About which they differ?
جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں؟

4 Nay! they shall soon come to know
(جیسے مشرکین سوچتے ہیں ایسا) ہرگز نہیں! عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

5 Nay! Nay! they shall soon know.
پھر (کہتا ہوں ایسا) ہرگز نہیں! عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا (کہ قیامت برحق ہے)۔

6 Have We not made the earth an even expanse?
کیا ہم نے زمین کو گہوارہ نہیں بنایا؟

7 And the mountains as projections (thereon)?
اور پہاڑوں کو میخیں نہیں بنایا؟

8 And We created you in pairs,
اور ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا ۔

9 And We made your sleep to be rest (to you),
اور ہم نے تمہاری نیند کو (باعث) سکون بنایا۔

10 And We made the night to be a covering,
اور رات کو ہم نے پردہ قرار دیا۔

11 And We made the day for seeking livelihood.
اور دن کو ہم نے معاش (کا ذریعہ) بنایا۔

النبإ AN-NABA (THE TIDINGS)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ﴿١﴾ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيْمِ ۙ﴿٢﴾ الَّذِىْ هُمْ
فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ؕ﴿٣﴾ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ﴿٤﴾ ثُمَّ كَلَّا
سَيَعْلَمُوْنَ ﴿٥﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ﴿٦﴾
وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۖ﴿٧﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ﴿٨﴾ وَّجَعَلْنَا
نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ﴿٩﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ﴿١٠﴾ وَّجَعَلْنَا
النَّهَارَ مَعَاشًا ۖ﴿١١﴾

AN-NABA (THE TIDINGS) · CONTINUED

12 And We made above you seven strong ones,
اور تمہارے اوپر ہم نے سات مضبوط آسمان بنائے۔

13 And We made a shining lamp,
اور ہم نے ایک روشن چراغ بنایا۔

14 And We send down from the clouds water pouring forth abundantly,
اور بادلوں سے ہم نے موسلادھار پانی برسایا۔

15 That We may bring forth thereby corn and herbs,
تاکہ ہم اس سے غلہ اور سبزیاں اگائیں۔

16 And gardens dense and luxuriant.
اور گھنے باغات اگائیں۔

17 Surely the day of decision is (a day) appointed:
یقینا فیصلے کا دن مقرر ہے۔

18 The day on which the trumpet shall be blown so you shall come forth in hosts,
اس دن صور میں پھونک ماری جائے گی تو تم لوگ گروہ در گروہ نکل آؤ گے۔

19 And the heaven shall be opened so that it shall be all openings,
اور آسمان کھول دیے جائیں گے تو دروازے ہی دروازے ہوں گے۔

20 And the mountains shall be moved off so that they shall remain a mere semblance.
اور پہاڑ چلا دیے جائیں گے تو وہ سراب ہو جائیں گے۔

21 Surely hell lies in wait,
جہنم یقینا ایک گھات ہے ۔

22 A place of resort for the inordinate,
جو سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے۔

النبإ AN-NABA (THE TIDINGS) cont.

وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿١٢﴾ وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا
وَّهَّاجًا ﴿١٣﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾
لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿١٦﴾ اِنَّ
يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿١٧﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ
فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا
﴿١٩﴾ وَّ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ اِنَّ جَهَنَّمَ
كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾

AN-NABA (THE TIDINGS) · CONTINUED

23 Living therein for ages.
جس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے۔

24 They shall not taste therein cool nor drink
وہاں وہ کسی ٹھنڈک اور مشروب کا ذائقہ نہیں چکھیں گے۔

25 But boiling and intensely cold water,
سوائے کھولتے ہوئے پانی اور بہتی پیپ کے۔

26 Requital corresponding.
یہ (ان کے جرائم کا) موزوں بدلہ ہے۔

27 Surely they feared not the account,
یہ لوگ کسی حساب کی توقع ہی نہیں رکھتے تھے۔

28 And called Our communications a lie, giving the lie (to the truth).
اور ہماری آیات کو پوری قوت سے جھٹلاتے تھے۔

29 And We have recorded everything in a book,
اور کتاب میں ہم نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے۔

30 So taste! for We will not add to you aught but chastisement.
پس اب چکھو کہ ہم تمہارے عذاب میں اضافہ ہی کرتے جائیں گے۔

31 Surely for those who guard (against evil) is achievement,
تقویٰ والوں کے لیے یقینا کامیابی ہے۔

32 Gardens and vineyards,
باغات اور انگور ہیں،

33 And voluptuous women of equal age;
اور نوخیز ہم سن بیویاں ہیں،

34 And a pure cup.
اور چھلکتے جام ہیں۔

النبإ AN-NABA (THE TIDINGS) cont.

لٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا
شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا
كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا
فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿٣١﴾
حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَّكَاْسًا
دِهَاقًا ﴿٣٤﴾

AN-NABA (THE TIDINGS) · CONTINUED

35 They shall not hear therein any vain words nor lying.
وہ وہاں لغو اور جھوٹی بات نہیں سنیں گے۔

36 A reward from your Lord, a gift according to a reckoning:
عنایت کے طور پر آپ کے رب کی طرف سے، جو کافی جزا ہو گی،

37 The Lord of the heavens and the earth and what is between them, the Beneficent Allah, they shall not be able to address Him.
جو کچھ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان میں ہے، سب کے رب رحمن کی طرف سے، جس کے سامنے کسی کو بولنے کا اختیار نہیں ہو گا۔

38 The day on which the spirit and the angels shall stand in ranks; they shall not speak except he whom the Beneficent Allah permits and who speaks the right thing.
اس روز روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہوں گے اور کوئی بات نہیں کر سکے گا سوائے اس کے جسے رحمن اجازت دے اور جو درست بات کرے۔

39 That is the sure day, so whoever desires may take refuge with his Lord.
یہ ہے وہ برحق روز، پس جو چاہتا ہے وہ اپنے رب کے پاس منزل بنا لے۔

40 Surely We have warned you of a chastisement near at hand: the day when man shall see what his two hands have sent before, and the unbeliever shall say: O! would that I were dust!
ہم نے تمہیں قریب آنے والے عذاب کے بارے میں تنبیہ کی ہے، اس روز انسان ان تمام اعمال کو دیکھ لے گا جو وہ اپنے ہاتھوں آگے بھیج چکا ہے اور کافر کہ اٹھے گا: اے کاش! میں خاک ہوتا۔

النبإ AN-NABA (THE TIDINGS) cont.

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۚ ٣٥ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ
عَطَآءً حِسَابًا ۙ ٣٦ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۚ ٣٧ يَوْمَ يَقُوْمُ
الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۭ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ٣٨ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ
شَاۗءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ٣٩ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا
قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ
الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ٤٠